حیسکو پریس ریلیز مورخہ :18.08.2026

صدر غلام نبی مری کی وفد کے ہمراہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سے ملاقات، محرم الحرام، یومِ آزادی اور ماہِ ربیع الاول میں بلاتعطل بجلی کی فراہمی پر مبارکباد۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) آل پاکستان ویلفیئر آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر غلام نبی مری نے جنرل سیکریٹری سندھ نعمان شیروانی اور دیگر عہدیداران کے ہمراہ حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سے حیسکو ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر صدر غلام نبی مری نے محرم الحرام، یومِ آزادی اور ماہِ ربیع الاول کے دوران صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے اور حیسکو کی شاندار کارکردگی پر چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری اور حیسکو انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔ صدر غلام نبی مری نے حیسکو کی جانب سے بجلی کی مسلسل فراہمی، بہتر کارکردگی اور صارفین کو سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ حیسکو انتظامیہ کی مؤثر حکمتِ عملی اور بہترین کارکردگی قابلِ تحسین ہے۔ اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹیو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حیسکو اپنے صارفین کو بہتر سے بہتر بجلی کی فراہمی اور معیاری سروسز کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل اور صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہے۔ ملاقات کے دوران نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) آل پاکستان ویلفیئر آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر غلام نبی مری کے ہمراہ جنرل سیکریٹری سندھ نعمان شیروانی، احسن رزاق، حوت خان کیریو، عبدالسلام قادری، فیصل خان، نجیب خان اور پیر نواز جان سرہندی موجود تھے، جبکہ حیسکو کی جانب سے لائزن آفیسر فراز اشرف، ایس ڈی او/کوآرڈینیٹر ولید اد چانڈیو اور ڈپٹی منیجر (پی آر) محمد صادق کبر بھی موجود تھے۔